پریس ریلیز

قومی صحت کارڈ : جنرل ہسپتال میں ڈاکٹر ریاض حفیظ کو آرڈینیٹر مقرر

ہیلتھ کارڈ کا اجراء وزیراعظم کا نئے سال کا تحفہ ،شہریوں کو بہتر طبی سہولتیں فراہم ہونگی : پروفیسر الفرید ظفر

عوامی آگاہی کے لئے بھر پور مہم شروع کرینگے ،بہتر نتائج سامنے لائیں: پرنسپل کی انتظامیہ کو ہدایت

ہیلتھ کارڈ سسٹم کے درست ،بروقت استعمال کو یقینی بنائیں ،حکومت کی اس سہولت سے استفادہ کریں :ایم ایس ڈاکٹر عامر غفور مفتی

لاہور 30 دسمبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں نیا پاکستان "قومی صحت کارڈ" سے متعلق افراد کو مکمل رہنمائی فراہم کرنے کیلئے گریڈ 19 کے ڈاکٹر ریاض حفیظ کو کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا ہے جو ہسپتال میں آنے والے لوگوں کو تمام طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے پابند ہوں گے اور اس سے متعلقہ امور کی نگرانی کرینگے۔

پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے وزیراعظم پاکستان کی طرف سے نیا پاکستان "قومی صحت کارڈ" کو سال 2022 کا بہترین تحفہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس انقلابی اقدام سے اب کسی بھی مریض کو علاج معالجے کے لئے سفارش کا سہارا یا قرضہ نہیں لینا پڑے گا جبکہ سرکاری و نجی ہسپتالوں میں امیر و غریب کو بلا امتیاز معیاری طبی سہولیات حاصل ہوں گی۔اسی طرح ماضی میں غریب لوگ نجی ہسپتالوں میں علاج کرانے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے لیکن اب ان کے لئے نیا پاکستان "قومی صحت کارڈ" کا اجراء تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا اور ان کی مشکلات میں خاطر خواہ کمی واقع ہوگی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے ڈاکٹر ریاض حفیظ کو ہدایت کی کہ وہ ہیلتھ کارڈ سسٹم کے حوالے سے بہترین نتائج سامنے لائیں اور اس سلسلے میں عوامی آگاہی کے لئے بھر پور مہم شروع کریں تا کہ نیا پاکستان "قومی صحت کارڈ" سے شہری بڑی تعداد میں مستفید ہو سکیں۔

ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر عامر غفور مفتی نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ہیلتھ کارڈ سسٹم کے درست اور بر وقت استعمال کو یقینی بنائیں اور حکومت کی طرف سے دی گئی اس سہولت سے بھر پور فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے سٹاف سے کہا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آ کر ادارے کی مزید نیک نامی کا سبب بنیں۔

☆☆☆☆